© rasailojaraid.com



# زباں میری ہے بات ان کی

* کراچی ائیر پورٹ ہوسٹل میں لیڈر ہوسٹسوں کی لڑائی، چہرے لہولہان، طاہرہ اور زلیخا کے درمیان بوائے فرینڈ کے معاملہ پر لڑائی (ایک خبر)

ہائی کورٹ سے فیصلہ کروالیں۔

* آصف زرداری سینٹر منتخب (ایک خبر)

ایک سرکاری ملازم کے خلاف انکوائری ہو تو پروموشن رک جاتی ہے۔ مگر سارا ملک ہڑپ کرنے والا سینیٹر بن گیا۔

* اظہر سہیل کی پٹائی۔ سینئیر صحافی فیصل ملک۔ اسلم خان بری۔ (ایک خبر)

"عینک والا جن" "تھنڈر کیٹ" سے بھی کمتر نکلا۔

* پولیس کے لئے پر تعیش گاڑیوں کی خریداری پر پابندی (ایک خبر)

خریداری پر پابندی ہے، چوری پر تو پابندی نہیں!

* ولی کی رضامندی کے بغیر شادی جائز ہے۔ (ہائی کورٹ)

اللہ کرے آپ کی بیٹی آپ کی رضامندی کے بغیر اپنی رضامندی سے شادی کر لے۔

* روزنامہ پاکستان کے مستقل کالم نگار ملعون "ابوالحسنین یوسف علی" نے نبوت کا جھوٹا دعویٰ کردیا (ایک خبر)

کالم نگاری سے دعویٰ نبوت تک! ڈھالے ہیں سیم و زر نے کمینے نئے نئے

* زرداری نے "سرے محل" اپنی محبوبہ "ثانیہ قریشی" کے لئے خریدا (ہندوستان ٹائمز)

عوام تو بے نظیر کےلئے سمجھ رہے تھے۔

* صائمہ روبرٹس، ڈاکٹر داؤد سے ارشد، اور ارشد سے عابد ساتی تک جا پہنچی (ایک خبر)

گھر سے عورت اور بندوق سے گولی، ایک دفعہ چلی تو توبہ ہی بھلی۔

* ۱۰ مارچ سے شاہانہ شادیوں کا دور ختم مہمان صرف ٹھنڈے یا گرم مشروب استعمال کریں گے۔ (ایک خبر)

باراتی جاتے ہوئے لنچ بکس لینا نہ بھولیں!

* حکومت نہیں نظام کی تائید کرتے ہیں (شیخ رفیق)

آپ کی مراد "کھانے پینے" کا نظام ہے؟

* نواز شریف کو مدت پوری کرنی چاہیے (بے نظیر)

زرداری کو چھڑانے کے لئے خوشامد ضرور کرنی چاہیے۔

* میری اور زرداری کی باتیں خفیہ والے سنتے ہیں (بے نظیر)

آپ کی بھی خفیہ باتیں ہوتی ہیں؟



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

* نواز شریف نادہندگان کی جائیدادیں نیلام کر کے قرض اتاریں۔ (قاضی حسین احمد)
"کسے نے قاضی دی گل نہ سنی"
* پولیس شراب بیچتی ہے (وزیر اعلیٰ کو فون پر شکایت)
تو کیا تسبیح اور مسواک بیچے گی!
* فلم "جناح" کا سکرپٹ رائٹر جمیل دہلوی یہودیوں کا لاڈلا ہے۔ اس نے ہمیشہ مسلمانوں پر کیچڑ اچھالا۔ (شہزادہ اے شیخ)
انگور کھٹے ہیں، غصہ عقل کو کھا جاتا ہے، جو بوؤ گے سو کاٹو گے۔
* قصور، لڑکیوں کو اغواء کر کے زیادتی کرنے والا گینگ گرفتار۔ پولیس کک مکا کے لئے سرگرم ہو گئی (ایک خبر)
پولیس مکا دیو، اے گینگ آپے ای کک جان گے۔
* حکومت مسائل حل نہ کر سکی تو لوگ سڑکوں پر آجائیں گے (نصر اللہ)
کون سی سڑکیں؟ آپ تو خان گڑھ کی سڑک پر بھی نہیں آتے!
* قرض اتارو ملک سنوارو کے شور میں نادہندگان غائب (سعید قاضی)
وزیر اعظم قوم کی آواز کو محسوس کریں۔
* بھائی کے قتل میں خاوند ملوث ہوا تو طلاق لے لوں گی (بے نظیر)
فکر نہ کریں، وہ تو ثانیہ قریشی ہی دلوا دے گی۔
* عاصمہ جہانگیر نے ایک گھر کی عزت مٹی میں ملانے کے لئے بیرونی دنیا سے لاکھوں کمائے، مجھ سے پچاس لاکھ مانگے اور بلیک میل کیا۔ (عبد الوحید روپڑی)
غیر ملکی ایجنٹ اٹو غٹو، گرمی لگے پکھا جھلو۔
* گلوکار ابرار الحق نے کالج ہوسٹل میں لبنی بلو کو گاڑی میں بٹھایا تو لڑکوں نے پٹائی کر دی (ایک خبر)
ظفر علی خان نے سچ کہا تھا:

تہذیبِ نو کے منہ پر وہ تھپڑ رسید کر
جو اس حرام زادی کا حلیہ بگاڑ دے

* ملتان پولیس وحشی ہو گئی۔ بے گناہ شہری کی ٹانگوں پر رولر پھیر دیا۔ ناک میں نکیل ڈال دی۔ (ایک خبر)
حیرت ہے! حالانکہ پولیس تو صرف مقابلہ ہی کرتی ہے۔
* سیلسی، زیر حراست ملزموں کے نازک حصوں پر پولیس مرچیں اور پٹرول ڈالتی رہی (دوسری خبر)
اسی لئے پٹرول اور مرچیں مہنگی ہو گئی ہیں۔
* صدر بے نظیر حکومت پر کرپشن کا الزام ثابت نہیں کر سکے۔ (پروفیسر غفور)
آپ کا کیا مطلب ہے؟ آپ کیا کہہ رہے ہیں؟ اور وہ آپ کا دھرنا کیا تھا؟

(بقیہ ص ۴۳ پر)


© rasailojaraid.com